# کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

(ڈائریکٹوریٹ آف سالڈ ویسٹ مینجمنٹ)

# اہلیانِ اسلام آباد سے اپیل

اہلیان اسلام آباد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، سی ڈی اے نے اسلام آباد میں عیدالضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی اوجڑیاں وغیرہ اُٹھوانے کا خاطر خواہ انتظام کیا ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ قربانی کے جانور جگہ جگہ ذبح کرنے سے گریز کریں اور اپنی گلی، علاقہ وغیرہ میں اجتماعی قربانی کو ترجیح دیں۔ مزید براں، قربانی کے جانور جہاں ذبح ہوں، ان کی اُجڑیاں اور دیگر الائشیں وہیں رکھیں، تاکہ عملہ صفائی اُس کو فوری طور پر اُٹھا کر لے جائے۔

علاوہ ازیں گذارش ہے کہ اُجڑیاں نالوں، جنگلوں وغیرہ میں نہ پھینکیں اور کوڑے دانوں اور گاربیج ٹرالیوں واسکپوں میں بھی نہ ڈالیں۔ آپ کے عدم تعاون کی صورت میں شہر میں تعفن اور مہلک بیماریوں کے پھیلنے کا اندیشہ ہے۔

صفائی کے حوالے سے معاملات یا اُجڑیاں وغیرہ اٹھوانے کے لئے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ ہیلپ لائن نمبر 1334 یا 051-9213908 اور ٹیلی فون 051-9203216، 051-9211555، 051-9223171 پر رابطہ کریں۔ علاوہ ازیں شہری واٹس ایپ پیغام (What's App Message) یا ایس ایم ایس (SMS) نمبر 03355001213 پر اپنی شکایات بھیج سکتے ہیں۔

شکریہ

آپ کے تعاون کے طلبگار

ڈائریکٹوریٹ آف سالڈ ویسٹ مینجمنٹ

سی ڈی اے، اسلام آباد